# 4 ہمارا پہلا اسکول

اسکول میں ہم کتنی باتیں سیکھتے اور سمجھتے ہیں۔ لیکن جانتے ہو، ہمارا اسکول کون سا ہے؟ وہ ہے ہمارا خاندان۔ ہم اپنے خاندان سے ہی سب سے پہلے سیکھنا شروع کرتے ہیں۔ ہم اپنے خاندان سے سب سے زیادہ قریب سے جڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ہم اس کے بارے میں شاید کبھی غور نہیں کرتے۔ آؤ اپنے خاندان کے بارے میں سوچیں اور بات کریں۔

اپنے خاندان کی تصویر بناؤ۔ اگر فوٹو ہے تو اس کو چپکاؤ۔


* تمہارے خاندان میں کون کون ہیں؟ ان کا نام اور ان سے تمہارا کیا رشتہ ہے، لکھو۔

| نام | تم سے رشتہ | نام | تم سے رشتہ |
|---|---|---|---|
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ | ________ |

© NCERT not to be republished

* اپنے خاندان کے دولوگوں کے آپس کا رشتہ لکھو۔جیسے میاں بیوی۔بہن بھائی۔ماں بیٹی...

| خاندان کے دولوگوں کے نام | | آپسی رشتہ |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |



یہاں کچھ لوگوں کی تصویریں بنی ہیں۔ان میں دو لوگ بالکل ایک سے لگتے ہیں۔ان کا آپس میں کیا رشتہ ہوسکتا ہے؟



© NCERT not to be republished


تمہاری کون سی بات خاندان میں کسی سے ملتی جلتی ہے۔ جیسے تمہاری آواز، تمہاری آنکھیں، تمہارے بال، تمہاری چال...؟ کس سے اور کیسے؟

تمہیں گھر میں پیار سے کس نام سے پکارتے ہیں؟ تم اپنے گھر کے لوگوں کو کس کس طرح سے بلاتے ہو؟



آؤ! اب انوری کے خاندان کے بارے میں کچھ پڑھیں۔ انوری کے خاندان کے سبھی بڑے لوگ دھوبی کا کام کرتے ہیں۔

خاندان کے سبھی افراد اپنی اپنی طرح سے ان کے دھونے، سکھانے، استری کرنے میں ہاتھ بٹاتے ہیں۔ انوری اور اس کا چچازاد بھائی توفیق بھی اب یہ کام سیکھ رہے ہیں۔



* کیا تمہارا خاندان بھی مل کر کوئی کام دھندہ کرتا ہے؟ اگر 'ہاں' تو کیا؟


___

* اس کام میں تم کیا مدد کرتے ہو؟

___

___

ہم خاندان میں ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ انوری کے چچا نے اُسے اور خاندان کے سبھی بچوں کو سائیکل چلانا سکھائی۔



تم نے بھی اپنے خاندان سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ کیا اور کس سے؟ کیا کسی نے تم سے کچھ سیکھا ہے؟




کچھ اور باتوں کے بارے میں سوچو اور لکھو جیسے:

- جب میں دُکھی ہوتی ہوں، تو میں ............ کے پاس جاتی ہوں۔
- جب میں پرانے دنوں کے بارے میں جاننا چاہتی ہوں تب میں .................... کے پاس جاتی ہوں۔
- جب میں اپنی کچھ راز کی بات بتانا چاہتی ہوں تب میں ................... کے پاس جاتی ہوں۔
- جب مجھ سے کوئی غلطی ہوجاتی ہے تو میں ................... کے پاس جاتی ہوں۔

© NCERT not to be republished

جوتے باہر اُتار کر ہی گھر میں آنا — یہ سریکھا کے گھر کا رواج ہے۔لیکن اس کے کچھ دوست جوتے چپل پہن کر گھر کے اندر آجاتے ہیں۔اس سے سریکھا کے بابا ناراض ہوتے ہیں۔



کیا تمہارے خاندان کے اپنے کچھ رواج ہیں؟ کون کون سے؟



کیا تمہارے خاندان میں کسی کی کوئی خاص عادت ہے۔جیسے: زور سے ہنسنا،خوش ہو کر گانے گانا وغیرہ؟ان کی نقل کر کے دکھاؤ۔




* تم اپنے خاندان میں بڑوں کی عزت کیسے کرتے ہو؟ اپنے آس پاس دیکھو کیا طریقہ اپناتے ہیں۔

## * بڑے جب بچے تھے

گھر کے کسی بڑے کو ان کے بچپن کا کوئی دلچسپ قصہ سنانے کے لئے کہو۔

© NCERT not to be republished



بچوں سے اپنے خاندان کے افراد کے ہنسنے،گانا گانے وغیرہ کے طریقوں کے بارے میں بات چیت کروائی جائے۔اس سے وہ اپنے خاندان کے افراد کی خاصیت یا خاص عادتیں بھی پہچان سکیں گے۔